Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ شعبان المعظم سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر ۱۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر -	۱
۲	[illegible]	۲
۳	نظام بابت رخصت تحصیلدار صاحب سوار -	″
۴	کیفیت ادخال آمدنی [illegible] -	″
۵	بابت [illegible] نیلام [illegible] -	″
۶	[illegible] بتقرر نظام تحصیلدار [illegible] سوار -	″
۷	نقشہ روزنامہ [illegible]	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حاجی محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیوٹ سکریٹری کی رخصت [illegible] ختم ہو گئی

لہذا با نتظام سابقہ مزید رخصت پنجماہ کی منظور کیجاتی ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

ترمیم تاریخ

۲۲ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بحوالہ اخبار پاینیر تعطیل سالگرہ ملک معظم مندرجہ نقشہ تعطیلات ۳ جون ۱۹۲۳ء کی بجائے ۲ جون ۱۹۲۳ء کو منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب درخواست صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی فیروز شاہ خان تحصیلدار کو رخصت تین ماہ بوجہ علالت بانتظام مندرجہ تحت منظور کی جاتی ہے۔

۱۔ قاضی سلیم الحق نائب تحصیلدار حضور تحصیل بمشاہرہ ستر روپیہ قائم مقام تحصیلدار مقرر ہوں اور بیس روپیہ ماہوار الاؤنس قائم مقامی پائیں۔ ۲۔ منشی جوگل کشور محرر سرسری حضور تحصیل بمشاہرہ تیس روپیہ قائم مقام نائب تحصیلدار حضور تحصیل مقرر کیے جائیں اور سات روپیہ ماہوار الاؤنس قائم مقامی پائیں۔ ۳۔ بجائے محرر سرسری لچھمن پرشاد امیدوار حضور تحصیل بمشاہرہ پندرہ روپیہ مقرر کیا جائے۔ ۴۔ اس حساب سے مجموعہ تنخواہ منشی فیروز شاہ خان تعدادی سو روپیہ میں سے اٹھاون روپیہ ماہوار بچتے ہیں جو زمانہ رخصت میں منشی فیروز شاہ خان کو ملا کریں گے اور یہ انتظام بطور عارضی تا ختم رخصت مذکورہ بالا جاری رہے گا۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور قائم مقام تحصیلدار کو اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم کے اختیارات دیے جائیں اور اجرائے حکم میں یہ صراحت کر دی جائے کہ اب سرسری تحصیل حضور کے کام کی نگرانی و ذمہ داری منشی جوگل کشور قائم مقام نائب تحصیلدار کے رہے گی۔ ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

بغرض مصالح انتظامی حکم ہوا کہ

تاریخ امروزہ سے جس قدر بجلی گھر کی آمدنی روزانہ وصول ہو وہ روزانہ سیاہہ کرائی جائے اور اگر کسی دن تعطیل ہو اور خزانہ بند ہو تو آمدنی دکان خزانہ میں امانتاً جمع کرا دیجائے اور کچہری کھلنے پر فوراً سیاہہ کی جائے۔ چونکہ بعض فوری ضروریات بھی لاحق ہو جاتی ہیں اس لیے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ مبلغ چار سو روپیہ نقد ان فوری ضرورتوں کے لیے تحویلدار کے پاس رکھے جائیں۔ اس سے زیادہ کوئی رقم نہ ذات یا اور کسی مد کی کسی کے پاس ہرگز نہ رہے۔ کوئی رقم سوائے تحویلدار کے کسی کلرک وغیرہ کے پاس ہرگز نہ رکھی جائے اور نہ کبھی کسی کو سوائے تحویلدار کے روپیہ کے وصول و واپسی و لانے اور لے جانے کا کام سپرد کیا جائے۔ وہی رقوم کے متعلق ہر کام کا ذمہ دار ہوگا۔ اور اسی کی تحویل میں آمدنی وغیرہ متعلق صیغہ برقی روشنی رہے گی۔ نقل روبکار ہذا تعمیلاً و اطلاعاً خدمت میں انجینیر صاحب برقی روشنی کے مرسل ہو۔ اور ایک نقل دیوان صاحب صدر کی خدمت میں اور ایک نقل خدمت شریف جناب فنانشل سکریٹری بہادر بغرض اطلاع سررشتہ آڈٹ بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک نقل فائل بک میں لگی جائے۔ فقط۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

بابت واپسی بجیپت زر نیلام اسپان از مویشی خانہ جات

حسب منشاء حکم منظوری اجلاس ہمایون آئندہ جبتک اصل مالک اپنی جانب سے پولیس میں چوری کی رپورٹ نہ لکھوائے یا اصل مالک کا کوئی دوسرا شخص پولیس میں ملکیت اس کی رپورٹ لکھوائے تو اصل مالک کا جبتک حوالہ نہ لکھوائے واپسی زر بجیپت نیلام اس کی ہرگز کارروائی نہ کیجائے۔ واپسی زر بجیپت نیلام اس صورت میں ہوگی کہ جب اصل مالک اپنی جانب سے ملکیت اس کی رپورٹ پولیس میں لکھوا چکا ہو یا غیر شخص جو رپورٹ پولیس میں لکھوائے تو اصل مالک اس کا حوالہ رپورٹ پولیس میں درج کر چکا ہو۔ باجراء احکام جملہ تحصیلدار صاحبان کو اطلاع دیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپاں ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطاء اختیارات

۷ مارچ ۱۹۲۳ء

قاضی سلیم الحق قائم مقام تحصیلدار کو تا قائم مقامی اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم فوجداری اور منصفی درجہ اول دیوانی میں عارضی طور پر دیے گئے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۵ مر لغایت ۳۱ مر مارچ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ما ر					۵ ما ر	
نخود خالص	۸ ما ر	۰				۸ ما ر	
نخود کسہ آمیز	۹ ما ر					۸ ما ر	
کسر	۹ ما ر					۹ ما ر	
ماش	۵ ما ر					۸ ما ر	
مونگ	۹ ما ر					۸ ما ر	
مکا	۹ ما ر					۹ ما ر	
جئی	۰					۱۳ ما ر	
گوجئی	۰					۹ ما ر	
عدس	۱۲ ما ر					۱۰ ما ر	
ارہر	۰					۱۰ ما ر	
برنج	۴ ما ر					۵ ما ر	
روغن زرد	[illegible]					۰	
روغن سیاہ	[illegible]					۱ ما ر	
روغن کنجد	۱ ما ر					۱ ما ر	
نمک سانبھر	۱۲ ما ر					۱۱ ما ر	
نمک لاہوری	۶ ما ر					۷ ما ر	
قند سیاہ	۵ ما ر					۵ ما ر	
باجرہ	۸ ما ر					۰	